اُردو (لازمی) دوسرا گروپ 1st A 223 (سیکنڈری سکول پارٹ II، کلاس دہم) پرچہ II

وقت: 2:10 گھنٹے انشائی مارکس: 60

## حصہ اول

**2 -** درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ حصہ نظم میں سے کوئی تین اور حصہ غزل میں سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے۔ (10)

### (حصہ نظم)

(3x2=6)

i - غریبوں کی جاں کو ، یتیموں کے دِل کو ...... سکوں ہو گیا ہے ، قرار آ گیا ہے

ii - گرمی یہ تھی کہ زیست سے دل سب کے سرد تھے ...... پتے بھی مثلِ چہرۂ مدقوق زرد تھے

iii - دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر ...... دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبضِ خاک پر

iv - نیا یہ آج کے پرچے نے گُل کھلایا ہے ...... کہ سہرا باندھ کے اِک اونٹ بلبلایا ہے

### (حصہ غزل)

(2x2=4)

i - یہ فخر تو حاصل ہے ، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں ...... دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں

ii - سر میں سودا بھی نہیں، دِل میں تمنا بھی نہیں ...... لیکن اس ترکِ محبت کا بھروسا بھی نہیں

iii - آدمی آدمی سے ملتا ہے ...... دل مگر کم کسی سے ملتا ہے

## حصہ دوم

**3 -** درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے ، سبق کا عنوان ، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے۔ (5+5=10)

(الف) قومی مفاد کے سامنے ذاتی مفاد کو دل سے نکال دینا چاہیے۔ ہر قسم کی گروہ بندی سے بالاتر ہو کر تمام پاکستانیوں کی فلاح و بہبود کی کوشش کرنا نظریۂ پاکستان کو فروغ دینا ہے۔ اگر ہم نے نظریۂ پاکستان کو پیشِ نظر رکھا اور اپنی سیرت اور کردار کو اس کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کی تو دنیا کی دوسری قوموں میں بھی ہمیں امتیاز حاصل ہوگا۔

(ب) اس رجحان نے تخلیقی سطح پر ایک نئی سمت کی طرف اشارہ کیا ہے جس سے یہ نتیجہ نکالنا بے موقع نہ ہوگا کہ عید کا تصور مسلمانوں کے ہاں محض تہوار مناتے اور اُچھل کود کو کلچر بنانے پر منحصر نہیں بلکہ اس خوشی کا رشتہ ہماری اقدار میں بہت دُور تک جاتا ہے، جس سے عید کے بارے میں اُردو شعرا کی تخلیقات کو ایک سمت ہی نہیں ملتی بلکہ ان کا تعلق ہمارے داخلی رویوں کے ساتھ اتنا گہرا ہے کہ ہماری شعری روایت میں یہ عمل صرف یک طرفہ مناظر کشی تک جا کر ختم نہیں ہوتا۔ عید کی شاعری ہماری شعری روایات کا ایک اہم اور ناقابلِ فراموش حصہ ہے۔

(ورق الٹیے)

**4 -** درج ذیل سوالات میں سے کسی پانچ کے مختصر جوابات تحریر کیجئے۔ **(10)**

i - شاعر کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟

ii - نبضِ خاک پر انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟

iii - نکیل پڑنے سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

iv - رشید احمد صدیقی کے پہلے خط کا مخاطب کون ہے؟

v - نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

vi - کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

vii - محمد تحسین کی گفتگو کا محور کیا ہوتا ہے؟

viii - عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی سے کیا تعلق ہے؟

**5 -** درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ **(5)**

(الف) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ (ب) چغل خور

**6 -** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ **(15)**

(الف) علامہ محمد اقبالؒ (ب) قومی اتحاد (ج) مرزا غالب

**7 -** درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے۔ **(10)**

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i - زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

ii - ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

iii - دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

iv - عربی اور انگریزی زبانوں کا تعلق کس خاندان سے ہے؟

v - آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، ان کے نام لکھیے۔